ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (04)

02.01.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو متعدد احکامات جاری کر دیئے۔ پولیس آفیسران گزشتہ سال کی طرح محنت اور جانفشانی سے اپنے کام کو یقینی بنائیں اور عوام الناس کے لئے اخلاقیات کا دائرہ کار وسیع کریں، رواں سال میں بھی اشتہاری ملزمان اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کو تیز کیا جائے۔شہری خدمت مراکز، دفاتر اور پولیس اسٹیشن کے وزٹ کے بعد پولیس سروسز سے متعلق اپنا فیڈ بیک وہاں مہیا کردہ کیو آر کوڈ پر دیں،ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس نے رواں سال میں ضلع بھر کے پولیس افسران سماج دشمن عناصر کی گرفتاریوں کے و دیگر معاملات کے متعلق احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں اور مجرمان اشتہاریوں کے خلاف جاری مہم کو مزید تیز کیا جائے،ان کی فہرستیں تیار کی جائیں اور تکنیکی وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔آئی ٹی کی ٹیمیں تھانوں کی سطح پر افسران سے تعاون کر کے ملزمان کی نقل و حرکت کا تعین کریں اور ہر ممکن وسائل کو استعمال کرتے ہوئے منشیات فروشی کا خاتمہ کیا جائے۔دیگر مقدمات کے حوالے سے بھی ڈی پی او کی طرف سے واضح ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ مقدمات کے اندراج کا دورانیہ متعین کر دیا گیا ہے تا کہ شہریوں کو "نہ انتظار، نہ سفارش، نہ رشوت " کے نظریہ کے تحت خدمات فراہم کی جا سکیں۔قتل، اقدام قتل، بدکاری /بدفعلی، اغوا برائے تاوان اور ضرر کے مقدمات میڈیکل لیگل سرٹیفکیٹ کے حصول کے بعد 8 گھنٹے کے دورانیہ میں مقدمات درج کیے جائیں گے۔اسی طرح چھینا جھپٹی، چوری، گاڑی کا چھیننا، گاڑی چوری، ڈکیتی اور راہزنی کے مقدمات کے اندراج کا زیادہ سے زیادہ دورانیہ 24 گھنٹے ہے جبکہ مالیاتی دستاویزات و معاملات سے متعلق مقدمات کا اندراج زیادہ سے زیادہ 5 دن کے اندر اندر ہو۔انہوں نے مزید کہا کہ اگر کسی بھی آفیسر نے جاری کردہ ہدایات و وضع کردہ پالیسی پر عملدرآمد کو یقینی نہ بنایا تو اس متعلقہ آفیسر کو سخت محکمانہ احتساب سے گزرنا پڑے گا، روزانہ کی بنیاد پر پراگرس چیک کی جا رہی ہے اور شہریوں سے فیڈ بیک لیا جا رہا ہے، ڈی پی او نے مزید کہا کہ اگر کسی شہری کو اس معاملہ میں پولیس سے کوئی بھی شکایت ہو تو میرے دفتر کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، شہریوں کی شکایت کا ہر ممکن ازالہ کیا جائے گا۔

ترجمان پولیس بہاولپور

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے نئے سال کے آغاز پر ضلع بھر کے پولیس افسران کو اپنی پراگرس مزید بہتر بنانے کے حوالے سے متعدد احکامات جاری کر دیئے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(05)

02.01.24

بہاول پور(   )پولیس پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم کی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری۔گزشتہ سال 2023میں کل 806296ایمرجنسی کالزمیں سے 694904فیک اور غیر متعلقہ موصول ہوئیں،شہری صرف ایمرجنسی کی صورت میں 15پر کال کریں تاکہ پولیس کی بروقت اورفوری امداد میسر ہوسکے، پولیس کی طرف سے کسی بھی سطح پر ریسپانس میں سستی یا غفلت پر محکمانہ احتسابی کارروائی ہوگی،ڈی پی اوسید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایات کے مطابق پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم بہاول پور پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ سنٹرالائزڈ اور 24/7 انچارج محمد اقبال کی نگرانی میں ایکٹیو ہے۔گزشتہ سال 2023 میں پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم پر کل 806296 کالزموصول ہوئیں، جن میں 63795 کالز پرفوری مددفراہم کی گئی، اسی طرح 27127 کالز پر شہریوں کی رہنمائی کی گئی جبکہ 694904 جھوٹ پرمبنی اور 18633(Repeated) کالزموصول ہوئیں۔ٹریفک کیسز سے متعلق 1837 کالزموصول ہوئیں،جس پرشہریوں کو مدداور رہنمائی فراہم کی گئی۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عوام ایمرجنسی صورتحال میں پکار 15پر اطلاع دیتے ہیں،متعلقہ پولیس کی طرف سے بروقت ریسپانس ملے تو عوام کا پولیس پر اعتماد بھی بڑھ جاتا ہے جبکہ معاشرہ سنگین وارداتوں اوران کی حساسیت سے بھی محفوظ ہوجاتا ہے،اگرمتعلقہ پولیس بروقت ریسپانس نہ کرے تو عوام کی طرف سے جہاں پر پولیس کے حوالے سے منفی تاثرات بڑھنا شروع ہوجاتے ہیں وہاں پر وارداتوں کے وقوع پذیر ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں، پولیس کا اولین فرض ہے کہ شہریوں کی جان ومال اورعزت وآبرو کا تحفظ کو یقینی بنائے۔شہریوں سے اپیل ہے کہ صرف سچ اورحقیقت پرمبنی اورایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر پکار 15پر کال کریں تاکہ عوام الناس کو پولیس کی بروقت اورفوری امداد میسر ہوسکے اور سماج دشمن عناصر کوان کے مذموم مقاصد میں کامیاب ہونے سے روکا جاسکے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:بہاولپور پولیس کی جانب سے پولیس پکار 15 سنٹرالائز سسٹم کی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری